احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعہ 20 جون 2008ء

روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 20 جون 2008ء 15 جمادی الثانی 1429 ہجری 20 احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 139

مجھ سے نہیں

حضرت عبداللہ بن بسرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

حاسد، چغل خور اور کاہن مجھ میں سے نہیں اور میں ان میں سے نہیں۔

(مجمع الزوائد باب الغیبۃ جلد8 ص91)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

بدظنی ایک ایسا مرض ہے اور ایسی بری بلا ہے جو انسان کو اندھا کر کے ہلاکت کے ایک تاریک کنویں میں گرا دیتی ہے۔ بدظنی ہی ہے جس نے ایک مردہ انسان کی پرستش کرائی۔ بدظنی ہی تو ہے جو لوگوں کو خدا تعالیٰ کی صفات خلق، رحم، رازقیت وغیرہ سے معطل کر کے نعوذ باللہ ایک فرد معطل اور شئے بیکار بنا دیتی ہے۔ الغرض اسی بدظنی کے باعث جہنم کا بہت بڑا حصہ اگر کہوں کہ سارا حصہ بھر جائے تو مبالغہ نہیں۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے ماموروں سے بدظنی کرتے ہیں۔ وہ خدا تعالیٰ کی نعمتوں اور اس کے فضل کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ غرض اگر کوئی ہمارے اس سلسلہ کا جو خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے قائم کیا۔ انکار کرے تو ہم کو افسوس ہوتا ہے کہ ہائے! ایک روح ہلاکت کے دروازہ کی زنجیر کھٹکھٹاتی ہے اور یہ سلسلہ ایسا روشن ہے کہ اگر کوئی شخص مستعد دل لے کر دو گھنٹہ بھی ہماری باتوں کو سنے تو وہ حق کو پا لے گا۔

اب میں چاہتا ہوں کہ چند باتیں اور کہہ کر اس تقریر کو ختم کر دوں۔ میں تھوڑی دیر کے لئے معجزات کے سلسلہ کی طرف پھر عود کر کے کہتا ہوں کہ ایک خوارق تو شق القمر وغیرہ کے علمی رنگ کے ہیں اور دوسرے حقائق و معارف کے۔ تیسرا طبقہ معجزات کا اخلاقی معجزات ہیں۔ اخلاقی کرامت میں بہت اثر ہوتا ہے۔ فلاسفر لوگ معارف اور حقائق سے تسلی نہیں پا سکتے۔ مگر اخلاق عظیمہ ان پر بہت بڑا اور گہرا اثر کرتے ہیں۔ حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاقی معجزات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ ایک دفعہ آپ ایک درخت کے نیچے سوئے پڑے تھے کہ ناگاہ ایک شور و پکار سے بیدار ہوئے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ایک جنگلی اعرابی تلوار کھینچ کر خود حضور پر آ پڑا ہے۔ اس نے کہا۔ اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) بتا۔ اس وقت میرے ہاتھ سے تجھے کون بچا سکتا ہے؟ آپؐ نے پورے اطمینان اور سچی سکینت سے جو حاصل تھی فرمایا کہ اللہ۔ آپؐ کا یہ فرمانا عام انسانوں کی طرح نہ تھا۔ اللہ جو خدا تعالیٰ کا ایک ذاتی اسم ہے اور جو تمام جمیع صفات کاملہ کا مستجمع ہے۔ ایسے طور پر آپ کے منہ سے نکلا اور دل پر ہی جا کر ٹھہرا۔ کہتے ہیں کہ اسم اعظم یہی ہے اور اس میں بڑی بڑی برکات ہیں، لیکن جس کو وہ اللہ یاد ہی نہ ہو، وہ اس سے کیا فائدہ اٹھائے گا۔ الغرض ایسے طور پر اللہ کا لفظ آپؐ کے منہ سے نکلا کہ اس پر رعب طاری ہو گیا اور ہاتھ کانپ گیا۔ تلوار گر پڑی۔ حضرتؐ نے وہی تلوار اٹھا کر کہا کہ اب بتلا۔ میرے ہاتھ سے تجھے کون بچا سکتا ہے؟ وہ ضعیف القلب جنگلی کس کا نام لے سکتا تھا۔ آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اخلاق فاضلہ کا نمونہ دکھایا اور کہا جا تجھے چھوڑ دیا اور کہا کہ مروت اور شجاعت مجھ سے سیکھ۔ اس اخلاقی معجزہ نے اس پر ایسا اثر کیا کہ وہ مسلمان ہو گیا۔

سیر میں لکھا ہے کہ ابوالحسن خرقانی کے پاس ایک شخص آیا۔ راستہ میں شیر ملا۔ اور کہا کہ اللہ کے واسطے پیچھا چھوڑ دے شیر نے حملہ کیا اور جب کہا۔ ابوالحسن کے واسطے چھوڑ دے تو اس نے چھوڑ دیا۔ شخص مذکور کے ایمان میں اس حالت نے سیاہی سی پیدا کر دی اور اس نے سفر ترک کر دیا۔ واپس آ کر یہ عقدہ پیش کیا۔ اس کو ابوالحسن نے جواب دیا کہ یہ بات مشکل نہیں۔ اللہ کے نام سے تو واقف نہ تھا۔ اللہ کی سچی ہیبت اور جلال تیرے دل میں نہ تھا اور مجھ سے تو واقف تھا۔ اس لئے میری قدر تیرے دل میں تھی۔ پس اللہ کے لفظ میں بڑی بڑی برکات اور خوبیاں ہیں بشرطیکہ کوئی اس کو اپنے دل میں جگہ دے اور اس کی ماہیت پر کان دھرے۔

اسی طور پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاقی معجزات میں ایک اور معجزہ بھی ہے کہ آپؐ کے پاس ایک وقت بہت سی بھیڑیں تھیں۔ ایک شخص نے کہا اس قدر مال اس سے پیشتر کسی کے پاس نہیں دیکھا۔ حضورؐ نے وہ سب بھیڑیں اس کو دے دیں۔ اس نے فی الفور کہا کہ لاریب آپ سچے نبی ہیں۔ سچے نبی کے بغیر اس قسم کی سخاوت دوسرے سے عمل میں آنی مشکل ہے۔ الغرض آنحضرتؐ کے اخلاق فاضلہ ایسے تھے کہ انک لعلی خلق عظیم (القلم: 5) قرآن میں وارد ہوا۔

(ملفوظات جلد اول ص62)

حضور انور کا دورہ امریکہ و کینیڈا اور دعاؤں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خدا تعالیٰ کے فضل سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے سلسلے میں دورہ پر امریکہ و کینیڈا تشریف لے گئے ہیں۔ حضور انور نے خطبہ جمعہ فرمودہ 13 جون 2008ء میں اپنے دورہ کی کامیابی کے لئے دعاؤں کی تحریک فرمائی اور فرمایا:۔

''دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ یہ سفر ہر طرح اپنی تائید و نصرت کے نظارے دکھاتے ہوئے بہتر فرمائے اور یہ سفر جماعت کے لئے ہر لحاظ سے بابرکت ہو اور اللہ تعالیٰ ان تمام مقاصد کا حصول آسان بنائے جن کے لئے یہ سفر اختیار کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان ملکوں کے احمدیوں میں ترقی کرنے کی ایک نئی روح پیدا فرمائے ...... اللہ تعالیٰ سفر میں راستے کی جو بھی کوئی مشکل ہے اس کو بھی آسان فرمائے۔

احباب جماعت اپنے جان سے پیارے آقا کو ہمہ وقت اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ حضور انور کا یہ سفر ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب بنائے نیز ہر قسم کی دینی ترقیات سے نوازے۔ (آمین)۔ امریکہ سے حضور کے پروگراموں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

جلسہ سالانہ امریکہ کے موقع پر Live پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

☆ **20 جون بروز جمعۃ المبارک**

لائیو نشریات کا آغاز 11:00 بجے رات

☆ **خطبہ جمعہ حضور انور**
(پنسلوانیا سے Live) 12:00 بجے رات

☆ **21 جون بروز ہفتہ**

خطبہ جمعہ حضور انور: 10:25 صبح (نشر مکرر)
نیز حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ دوپہر 2:30 بجے بھی نشر ہوگا۔

Live نشریات کا آغاز 8:45 شام

ا دورا حضور انور کا خطا نشر ہوگا۔

☆ **22 جون بروز اتوار**

لائیو نشریات کا آغاز 9:00 بجے رات

اسی دورا حضور انور کا اختتامی خطا نشر ہوگا۔

احبا جماعت سے بھرپور استفاد درخواست ہے۔

نظار اشاعت

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 488

تقویٰ کی باریک راہوں کے تاریخی سنگ میل

سیدنا حضرت مصلح موعود کے قلم مبارک سے تاریخ احمدیت کا ایک زریں ورق جو عصر نو میں اپنی مثال آپ ہے:۔

سید حامد شاہ صاحب مرحوم بہت مخلص احمدی تھے حضرت مسیح موعود نے ان کو اپنے بارہ حواریوں میں سے قرار دیا تھا چنانچہ میرے سامنے جب اپنے حواریوں کے نام گنے تو ان کا بھی نام لیا اور پھر ان کے نیک انجام نے ان کے درجہ کی بلندی پر مہر بھی لگا دی۔ ایک دفعہ ان کے لڑکے کے ہاتھ سے ایک شخص قتل ہو گیا مگر یہ قتل ایسے حالات میں ہوا کہ عوام کی ہمدردی ان کے لڑکے کے ساتھ تھی۔ دراصل مقتول کی زیادتی تھی جس پر لڑائی ہوگئی ان کے لڑکے نے اسے مکّہ مارا اور وہ مر گیا۔ اس وقت سیالکوٹ کا ڈپٹی کمشنر جو انگریز تھا وہ ایسے افسروں میں سے تھا جو جرم ثابت ہو یا نہ ہو سزا ضرور دینا چاہتے ہیں تا رعب قائم ہو۔ اسے خیال آیا کہ میر حامد شاہ صاحب میرے دفتر کے سپرنٹنڈنٹ ہیں اگر میں ان کے لڑکے کو سزا دوں گا تو میرے انصاف کی دھوم مچ جائے گی اس لئے شاہ صاحب کو بلایا اور پوچھا کہ کیا واقعی آپ کے لڑکے نے قتل کیا ہے؟ آپ نے فرمایا میں تو وہاں موجود نہ تھا لیکن سنا ہے کہ کیا ہے۔ اس نے کہا کہ آپ اسے بلا کر کہہ دیں کہ وہ اقرار کرلے تا لوگوں کو معلوم ہو جائے کہ ہم کسی کا لحاظ نہیں کرتے۔ آپ نے اپنے لڑکے کو بلا کر پوچھا کہ تم نے اس شخص کو مارا ہے؟ اس نے کہا ہاں مارا ہے۔ آپ نے فرمایا پھر سچی بات کا اقرار کر لو۔ لوگوں نے کہا کہ کیوں اپنے جوان لڑکے کو پھانسی لٹکوانا چاہتے ہو مگر آپ نے فرمایا کہ اس دنیا کی سزا زیادہ سخت ہے اور اپنے بیٹے کو یہی نصیحت کی کہ اقرار کر لے۔ خدا کی قدرت اس نے اقرار تو کر لیا مگر وہ لڑکا کرکٹ کا کھلاڑی تھا اور وہ مجسٹریٹ جس کے پاس مقدمہ تھا وہ بھی کرکٹ کھیلنے والا تھا اسے کرکٹ کلب میں معاملہ کی حقیقت معلوم ہوگئی اور چونکہ **قانون ایسا ہے کہ اگر مجسٹریٹ کو کسی بات کا یقین ہو جائے تو ملزم سے کچھ پوچھنے کی بھی ضرورت نہیں رہتی اس نے خود ہی پولیس کے گواہوں پر ایسی جرح کی کہ اس لڑکے کی بریت ثابت ہوگئی اور اس نے اس سے کچھ پوچھے بغیر ہی اسے رہا کر دیا۔**

اسی قسم کا ایک مقدمہ پچھلے دنوں چوہدری ظفراللہ خان صاحب کے بھائی پر ہوا۔ چوہدری صاحب اس وقت ولایت میں تھے انہوں نے اپنے بھائی کو لکھا کہ **یہ ایمان کی آزمائش کا وقت ہے اگر تم سے قصور ہوا ہے تو میں تمہارا بڑا بھائی ہونے کی حیثیت سے تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ اس دنیا کی سزا سے اگلے جہان کی سزا زیادہ سخت ہے اس لئے اسے برداشت کرلو اور سچی بات کہہ دو۔** تو جو بات ایک شخص کر سکتا ہے کوئی وجہ نہیں کہ دوسرا نہ کر سکے صرف اخلاص اور ایمان کی ضرورت ہے۔ سیالکوٹ کے رہنے والے ہمارے ایک دوست ہیں جو ابھی زندہ ہیں احمدی ہونے کے بعد جب انہیں معلوم ہوا کہ رشوت لینا .... تعلیم کے خلاف ہے تو انہوں نے تمام ان لوگوں کے گھروں میں جا جا کر جن سے وہ رشوتیں لے چکے تھے واپس کیں۔ اس سے وہ بہت زیر بار بھی ہو گئے مگر اس کی انہوں نے کوئی پرواہ نہ کی۔ تو ہماری جماعت میں ہر قسم کے اعمال کے لحاظ سے ایسے نمونے ملتے ہیں جن کے متعلق کہا جا سکتا ہے کہ وہ .... کے نمونے ہیں لیکن ہمیں ان پر خوش نہیں ہو جانا چاہئے بلکہ کوشش کرنی چاہئے کہ ساری جماعت ایسی ہو جائے ایسے لوگوں سے صرف اتنا فائدہ ہو سکتا ہے کہ ان کی مثال دوسروں کے سامنے پیش کر کے ہم کہہ سکتے ہیں کہ کیا ان کو مال کی ضرورت نہیں، ان کو اپنے بیوی بچوں سے محبت نہیں، پھر اگر وہ خدا کے لئے قربانی کر سکتے ہیں تو تم کیوں نہیں کر سکتے۔

پس میں دوستوں کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اس امانت کی قدر کریں جو ان کے سپرد کی گئی ہے۔ حضرت مسیح موعود نے آ کر ہمیں جائیدادیں نہیں دیں، حکومتیں نہیں دیں، کوئی ایجادیں نہیں کیں، سامان تعیش مہیا نہیں کئے، صرف ایک سچائی ہے جو ہمیں دی ہے اور اگر وہ بھی جاتی رہے تو کس قدر بدقسمتی ہوگی اور ہم اس فضل کو اپنے ہاتھ سے پھینک دینے والے ہوں گے جو تیرہ سو سال کے بعد اللہ تعالیٰ نے نازل کیا۔ حضرت مسیح موعود نے ہم کو (دین) دیا، اخلاق فاضلہ دیئے اور نمونہ سے بتا دیا کہ ان پر عمل ہو سکتا ہے۔ پہلے خیال تھا کہ ان چیزوں پر عمل محال ہے مگر آپ نے بتا دیا کہ عمل ہو سکتا ہے پھر بھی کئی ہیں جو فائدہ نہیں اٹھاتے۔

ہم میں سے کئی ہیں جو جوش میں آ کر مخالف کو گالیاں دینے لگ جاتے ہیں مگر آپ پر قتل کا ایک جھوٹا مقدمہ بنایا گیا اس وقت اس ضلع کے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ڈگلس تھے جو اس وقت بھی زندہ ہیں اور اب کرنل ڈگلس ہیں۔ وہ اس قدر متعصب تھے کہ جب اس ضلع میں آئے تو کہا کہ اس ضلع کے رہنے والا ایک شخص مسیح ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اب تک کیوں اسے سزا نہیں دی گئی؟ ان کی عدالت میں یہ مقدمہ پیش ہوا۔ ایک انگریز کہلانے والے شخص نے جو انگریز مشہور تھا مگر دراصل انگریز نہیں پٹھان تھا یہ مقدمہ کیا تھا۔ اس کے انگریز کہلانے کی وجہ یہ تھی کہ پٹھان ہونے کے سبب سے اس کا رنگ انگریزوں کی طرح گورا تھا اور پھر ایک انگریز نے اسے بیٹا بنایا ہوا تھا اس لئے لوگ اسے انگریز سمجھتے تھے۔ اس کا نام مارٹن کلارک تھا ان کا بیٹا یا بھائی ابی سینا کی سابق حکومت میں وزیر اعظم تھا۔ آپ میں سے کئی ایک نے اخباروں میں پڑھا ہوگا کہ مسٹر مارٹن نے یہ کہا۔ یہ مارٹن اسی مارٹن کلارک کا بیٹا ہے یا بھائی۔ رشتہ کی تعیین میں اس وقت نہیں کر سکتا۔ ان مسٹر مارٹن کلارک نے عدالت میں یہ دعویٰ کیا کہ میرے قتل کے لئے مرزا صاحب نے ایک آدمی بھیجا ہے ...... پہلے سے دی گئی خبر کے مطابق اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو اسی مقدمہ سے باعزت بری کر دیا۔

(خطبات محمود جلد 17 صفحہ 552)

غزل

اب کے ملی ہے زندگی اس سے ملا کے رنگ
دیکھوں ہوا کے دوش پہ اس کی نوا کے رنگ

یوں تو ہوئے ہیں اور بھی پیدا حسیں سخن
گفتارِ یار میں عجب دیکھے خدا کے رنگ

زلفِ خرام مستی بادہ نچوڑ کر
دیتے ہیں حوصلے ہمیں اس کی دعا کے رنگ

کہتے ہیں وہ کہ حضرتِ ناصح کو کیا خبر
کوہ و دمن کی مستی و موج ہوا کے رنگ

اک حسرت فنا میں مرا جا رہا ہوں میں
دکھلا سکوں اے کاش میں اپنی وفا کے رنگ

اس بندگی کے حوصلہ کی داد دیجئے
ہے زندگی عجیب کہ لوٹی لٹا کے رنگ

قدموں میں تیرے ڈھیر ہیں سب بت غرور کے
تجھ پر نثار کر دیئے اپنی انا کے رنگ

ایس۔اے۔ملک

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کے سب سے بڑے فرزند ارجمند

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کی سیرت و سوانح کے دلکش نقوش

مکرم میر انجم پرویز صاحب

قسط چہارم

''تین کو چار کرنے والا''

مرزا سلطان احمد صاحب سیدنا حضرت مسیح موعود کے حرم اول کے فرزند اکبر تھے اور انہیں حضور کی مقدس زندگی کا ایک بہت بڑا دور دیکھنے کی سعادت ملی اور وہ آپ کو بصدق دل عاشق رسول ﷺ اور عاشق قرآن یقین کرتے تھے مگر وہ حضور کی زندگی میں بیعت میں شامل نہ ہوئے حضرت خلیفہ اول کو مرزا صاحب موصوف سے انتہا درجہ کی محبت و الفت تھی اور وہ اکثر حضرت اقدس کے سامنے آپ کی بعض کتب کی تعریف کیا کرتے تھے اور منشاء یہ ہوتا تھا کہ حضور کی نظر کرم صاحبزادہ صاحب کی طرف ہو جائے اور ان کے لئے دعا فرمائیں۔ ایک دفعہ آپ نے اپنے معمول کے مطابق حضرت مسیح موعود کے سامنے مرزا سلطان احمد صاحب کی ایک کتاب کا ذکر کیا تو حضور نے فرمایا۔ ''مرزا سلطان احمد صاحب سے کہو کہ خدا سے صلح کر لے''۔ لیکن صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کو حضرت اقدس کی زندگی میں اپنے مقدس باپ کی بیعت کا موقعہ میسر نہ آیا۔ حضرت مسیح موعود کے انتقال کے بعد خلافت اولیٰ کا زمانہ آیا۔ مگر اب بھی حضرت خلیفۃ المسیح الاول سے خاص عقیدت کے باوصف صاحبزادہ صاحب سلسلہ احمدیہ میں داخل نہ ہوئے۔ اس کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خلافت کا دور شروع ہو گیا اور اب بظاہر مرزا سلطان احمد کے حق کی طرف آنے کا امکان یکسر ختم ہو گیا۔ کیونکہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی آپ کے چھوٹے بھائی تھے اور باہم عمر کا تفاوت اس درجہ تھا کہ مرزا سلطان احمد صاحب کی برات اسی دن گئی تھی جس دن حضرت مسیح موعود دوسری شادی کے لئے دلی تشریف لے گئے تھے۔ چنانچہ وہ خود بھی حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی سے خلافت ثانیہ کے ابتداء میں یہ تذکرہ کیا کرتے تھے کہ بڑے مرزا صاحب زندہ ہوتے تو میں ان کی بیعت کر لیتا............اب میں اپنے چھوٹے بھائی کی بیعت کیا کروں۔ چنانچہ اس تذبذب میں خلافت ثانیہ کے بھی 15 سال گزر گئے اور عمر کا آخری حصہ آ پہنچا۔ ہاتھ پاؤں جواب دے گئے اور پاؤں کو بآسانی ہلانے کی سکت بھی باقی نہ رہی کہ یکایک انہوں نے دسمبر 1930ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود کو پیغام بھیجا کہ میں تو چل نہیں سکتا آپ کسی وقت آ کر میری بیعت لے لیں۔ چنانچہ حضور نے اسی دن ان کی بیعت لی۔ حضور ان کی چارپائی کے قریب ہی بیٹھ گئے اور مرزا سلطان احمد صاحب نے اپنا ہاتھ بیعت کے لئے بڑھا دیا۔ اور بیعت کر لی اور اس طرح مصلح موعود کی بدولت حضرت مسیح موعود کے تین زندہ صلبی و روحانی بیٹوں (حضرت مصلح موعود، حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور حضرت مرزا شریف احمد صاحب) میں مرزا سلطان احمد صاحب کا بھی اضافہ ہو گیا۔ عجیب بات یہ ہے کہ خود مرزا سلطان احمد صاحب کو بھی مدتوں قبل بذریعہ رویا یہ بتایا گیا تھا کہ حضرت مسیح موعود کھڑے ہیں اور وہ بھی حضور کے پاس ہیں اور وہاں ایک جگہ پر چار کرسیاں بچھی ہیں حضرت مسیح موعود نے آپ سے کہا کہ ایک کرسی پر تم بیٹھ جاؤ۔''

(تاریخ احمدیت جلد اول ص 290-291)

آخری ایام

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب کو بڑھاپے اور عوارض نے بہت کمزور کر دیا تھا۔ آخری بیماری میں بالکل صاحب فراش ہو گئے تھے، لیکن حواس میں کسی قسم کا فرق نہ آیا تھا۔ حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب آپ کے آخری ایام کے احوال بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب مرحوم اپنی لمبی بیماری کے ابتداء میں جو انہیں پنشن کے کچھ عرصہ بعد لاحق ہو گئی تھی۔ لاہور میں تشریف فرما تھے اور پہلے پہل ان کے مرض کا علاج معالجہ ہوتا رہا۔ مگر کچھ عرصہ بعد آپ قادیان تشریف لے آئے۔ یہاں بھی علاج معالجہ کا سلسلہ جاری رہا۔ لیکن اگر اس کا کچھ فائدہ بیان کیا جا سکتا ہے تو صرف اس قدر کہ مرض نے زیادہ تدریجی رنگ اختیار کر لیا۔ مرزا صاحب مرحوم کی بیماری کی کیفیت یہ تھی کہ ٹانگوں پر سختی واقع ہو گئی تھی۔ جس کی وجہ سے تھوڑے وقت کے لئے بھی سیدھے کھڑے نہ رہ سکتے تھے۔ بلکہ آگے کی طرف قدم لینے پر مجبور ہو جاتے تھے اور وہ بھی اس کی طرح جیسے کوئی لڑکھڑا رہا ہے۔ لیکن یہ طاقت بھی آہستہ آہستہ مفقود ہو گئی اور آپ چارپائی پر لیٹنے پر مجبور ہو گئے۔

لمبی اور آخری بیماری کے دوران میں خاکسار کو بھی بہت کچھ طبی خدمات کا موقعہ ملتا رہا۔

(الفضل قادیان 11 دسمبر 1940ء)

جب حضرت مصلح موعود آپ کی بیعت لینے کے لئے بنفس نفیس تشریف فرما ہوئے تو اس وقت صاحبزادہ صاحب بستر علالت پر تھے۔

حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب بیان کرتے ہیں کہ مرزا سلطان احمد صاحب کی طبیعت اس وقت اچھی تھی۔ کوئی بخار وغیرہ یا کسی قسم کا عارضہ نہ تھا۔ بجز اس تدریجی کمزوری کے جو لاتوں میں پیدا ہو گئی تھی اور شدید قبض کی شکایت تھی۔ آپ اسی حالت میں لاتوں کی کمزوری کی وجہ سے لیٹے رہنے پر مجبور تھے۔ مگر آپ کے علمی مشاغل جاری تھے مثلاً اخبار پڑھنا وغیرہ۔

(الفضل قادیان 11 دسمبر 1940ء)

باوجود اس ضعف و نقاہت کے آپ نے اپنی زندگی بھر کے رفیق کتاب و قلم کو نہیں چھوڑا۔ ہاتھوں میں رعشہ کی وجہ سے خود لکھ نہیں سکتے تھے اس لئے خطوں وغیرہ کا جواب املاء کروایا کرتے تھے اور آخر تک یہی خواہش رہتی تھی کہ کوئی کتاب پڑھنے کو میسر آ جائے۔ آپ کا علمی مشاغل میں اس قدر شغف دیکھ کر غالب کا یہ شعر یاد آ جاتا ہے۔

گو ہاتھ میں جنبش نہیں آنکھوں میں تو دم ہے
رہنے دو ابھی ساغر و مینا مرے آگے

مکرم فقیر سید وحید الدین صاحب بیان کرتے ہیں:

مرزا سلطان احمد پر فالج کا حملہ جان لیوا ثابت ہوا۔ علاج معالجے کے لئے انہیں لاہور لایا گیا۔ راقم الحروف کے ایک بزرگ سید اصغر علی شاہ کے ہاں ان کا قیام رہا۔ یہ مکان ہمارے مکان سے ملحق تھا۔ میں اکثر مرزا صاحب کی خدمت میں حاضر ہوتا۔ اپنے خطوں کے جوابات وہ مجھ سے لکھواتے۔ میرے لئے بڑی مشکل کا سامنا تھا۔ مرزا صاحب بیمار ہونے کے باوجود روانی کے ساتھ خط کی عبارت فرفر بولتے اور میں اپنی بدخطی چھپانے کے لئے آہستہ لکھتا۔ میری سست نگاری، ان کی زود گوئی کا ساتھ کہاں دے سکتی تھی۔ جب میں لکھ چکتا تو مرزا صاحب اسے پڑھتے اور میں ان کے تیوروں سے بھانپ لیتا کہ میری تحریر سے وہ مطمئن نہیں ہیں بلکہ کچھ دل گرفتہ ہی ہیں۔ میں دل ہی دل میں شرمندہ ہوتا۔ مجھے ان کا ایک جملہ جو انہوں نے اپنے دوست کے خط میں مجھ سے لکھوایا تھا، آج تک یاد ہے۔

''یہ خط وہ شخص کسی اور سے لکھوانے کا محتاج ہے، جو جب بھی قلم اٹھاتا تھا تو صفحے کے صفحے بے تکان لکھتا چلا جاتا اور پھر بھی اس کا قلم رکنے کا نام نہ لیتا۔''

اس بیماری سے وہ جانبر نہ ہو سکے۔ چند دن کے لئے طبیعت بحال بھی ہوئی تو وہ موت کا سنبھالا تھا۔

(''انجمن'' ص 141-142 از جناب فقیر سید وحید الدین صاحب)

وفات

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب طویل علالت کے دوران نمونیا کا حملہ ہونے کی وجہ سے 2 جولائی 1931ء بروز جمعرات صبح کے وقت انتقال فرما گئے۔............ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے ان کا انجام نہایت ہی مبارک کیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آپ کی نعش کو مقبرہ بہشتی کے احاطہ میں دفن کرنے کا فیصلہ فرمایا۔ جس میں حضرت مسیح موعود کا مزار ہے اور خدا تعالیٰ نے حقیقی طور پر حضرت مرزا صاحب کو حضرت مسیح موعود کی ذریت میں داخل کرنے کا نشان قائم کیا۔ پونے پانچ بجے کے قریب جنازہ اٹھایا گیا اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ایک بہت بڑے مجمع کے ساتھ باغ میں نماز جنازہ پڑھائی اور لمبی دعا کی۔ نماز جنازہ کے بعد سب مجمع کو شکل دکھائی گئی۔ حضرت خلیفۃ المسیح نے جنازہ کو کندھا دیا اور لاش اٹھا کر قبر میں رکھائی اس وقت جبکہ قبر میں مٹی ڈالی جا رہی تھی حضور نے حضرت مسیح موعود کے مزار پر دعا کی پھر سیدہ امۃ الحی صاحبہ مرحومہ کی قبر پر دعا کی۔ بالآخر حضرت مرزا صاحب مرحوم کی قبر پر دعا کر کے واپس تشریف لائے۔ (الفضل قادیان 4 جون 1931ء)

چوہدری ظفر اللہ خان صاحب نے 4 جولائی 1931ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں ایک عریضہ تعزیت ارسال کیا۔ اس میں لکھا۔

''آج الفضل میں جناب میرزا سلطان احمد صاحب کی وفات کی خبر پڑھی مجھے جب کبھی مرحوم کی بیماری کے آخری ایام میں مرحوم کی خدمت میں حاضر ہونے کا اتفاق ہوا تو مرحوم کو دیکھ کر یہ مصرعہ میری زبان پر جاری ہو جایا کرتا تھا ع

دھوئے گئے ہم اتنے کہ بس پاک ہو گئے

(تاریخ احمدیت جلد پنجم صفحہ نمبر 287)

وفات کی خبر مختلف رسائل میں

ہمہ گیر و ہمہ رس انشاء پرداز

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کا انتقال ادب اردو کے لئے بہت بڑا نقصان تھا۔ جو ادبی حلقوں میں بہت محسوس کیا گیا۔ مثلاً ''ادبی دنیا'' کے ایڈیٹر اور شمس العلماء احسان اللہ خاں تاجور نجیب آبادی (1894-1951ء) نے اپنے رسالہ میں آپ کی تصویر دے کر یہ نوٹ شائع کیا کہ۔

''دنیائے ادب اس ماہ اردو کے نامور بلند نظر اور فاضل ادیب خان بہادر مرزا سلطان احمد صاحب سے بھی محروم ہو گئی۔ آپ نہایت قابل انشاء پرداز تھے۔ اردو کا کوئی حصہ ان کی رشحات قلم سے محروم نہ رہا ہو گا۔ قانون و عدالت کی اہم مصروفیتوں کے باوجود بھی مضامین لکھنے کے لئے وقت نکال لیتے تھے بہت جلد مضمون لکھتے تھے۔ عدالت میں ذرا سی فرصت ملی تو وہیں ایک مضمون لکھ کر کسی رسالہ کی فرمائش پوری کر دی اردو زبان کے بہت سے مضمون نگاروں نے ان کی طرز انشاء کو سامنے رکھ کر لکھنا سیکھا افسوس کہ ایسا ہمہ گیر و ہمہ رس انشاء پرداز موت کے ہاتھوں نے ہم سے چھین لیا۔

مرزا صاحب مرحوم سیلف میڈ (خودساز) لوگوں میں سے تھے۔ آپ نے پٹواری کی حیثیت سے ملازمت شروع کی اور ڈپٹی کمشنر تک ترقی کی۔ آپ

مرزا غلام احمد صاحب (مسیح موعود) کے فرزند تھے۔ اردو میں بیش قیمت لٹریچر آپ نے اپنی یادگار کے طور پر چھوڑا ہے۔ علم اخلاق پر آپ کی کتابیں اردو زبان کی قابل قدر تصانیف میں سے ہیں‘‘۔

(ادبی دنیا لاہور اگست 1931ء ص69)

محسنِ علم وادب

انجمن حمایت اسلام لاہور کے ترجمان ’’حمایت اسلام‘‘ 9 جولائی 1931ء نے لکھا۔

’’یہ خبر گہرے حزن وملال کے ساتھ سنی جائے گی کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے بڑے صاحبزادے خان بہادر مرزا سلطان احمد صاحب جو پراونشل سول سروس کے ایک ہر دلعزیز اور نیک نام افسر تھے۔ اس جہان فانی سے رحلت کر گئے۔ خان بہادر صاحب مرحوم نے علم وادب پر جو احسانات کئے ہیں وہ کبھی آسانی سے فرموش نہیں کئے جا سکتے ان کے شغف علمی کا اس امر سے پتہ چل سکتا ہے کہ وہ ملازمت کی انتہائی مصروفیتوں کے باوجود گراں بہا مضامین کے سلسلے میں پیہم جگر کاری کرتے رہے۔ ہمیں مرحوم کے عزیزوں اور دوستوں سے اس حادثہ میں دلی ہمدردی ہے۔ باری تعالیٰ مرحوم کو فردوس کی نعمتیں اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔‘‘

(رسالہ حمایت اسلام لاہور 9 جولائی 1931ء ص4)

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کا ذکر خیر

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کا ذکر خیر کرتے ہوئے ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب فرماتے ہیں۔

حضرت مرزا سلطان احمد صاحب جو کہ حضرت مسیح موعود کی پہلی زوجہ محترمہ کے بطن سے تھے نے ایک لمبے عرصے تک کھلے طور پر احمدیت قبول کرنے کا اعلان نہ کیا تھا لیکن آپ کی روح احمدیت کو قبول کئے ہوئے تھی۔ آپ نہایت درجہ فہیم، علم دوست اور بلند اخلاق کے مالک تھے اور خوب سمجھتے تھے کہ دین حق کی روح جو ان کے گرانقدر والد مومنوں میں پیدا کرنا چاہتے ہیں وہ روح ان میں مفقود تھی اور خود مرزا سلطان احمد صاحب پر بھی ماحول نے اثر ڈالا ہوا تھا اور وہ اپنے آپ کو ان نقوش پر جن پر حضرت مسیح موعود چلانا چاہتے تھے کہ بندہ دنیا نہ رہے بلکہ بندہ خدا بن جائے پر چلنے سے عاری سمجھتے تھے۔ لیکن آپ حضرت مسیح موعود کے اس استغناء سے بھی واقف تھے کہ خدا کی راہ میں حائل ہونے والے کو خواہ وہ حضور کا جگر گوشہ ہی کیوں نہ ہو ذرہ بھر وقعت نہ دی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ گوشہ تنہائی اور دور رہنے میں عافیت سمجھتے تھے۔ لیکن اس کے باوجود ہر آن حضور کے حکم کی جو کاروبار دنیا کے متعلق ہوں تعمیل کرنے کو حرز جان سمجھتے تھے اور حضرت اقدس کی شخصیت کے متعلق نہایت غیرت رکھتے تھے۔ ادھر حضرت مسیح موعود بھی جبر کے سخت خلاف تھے۔ بلکہ آپ کی ماموریت کا کارنامہ ہی یہ تھا کہ لوگوں کو دین حق کا حسین چہرہ دلائل، حسن اخلاق اور نور سماوی کی جھلک کے ذریعے دکھلائیں۔ حضور ہرگز یہ گوارا نہ فرماتے تھے کہ اپنے بیٹے کو جبری حکم کے ذریعے دین کے جملہ احکام کا پابند فرمائیں۔ یہی وجہ ہے کہ باپ اور بیٹے میں بُعد جاری رہا۔ حتیٰ کہ حضرت اقدس کا وصال ہو گیا اور احمدی دنیا اور دوسرے لوگ یہی سمجھتے رہے کہ حضرت مرزا سلطان احمد صاحب احمدیت کے قائل نہیں لیکن خدائے علیم وبصیر ان کے دل کی حالت کو جانتا تھا کہ وہ نہ صرف حضرت اقدس مسیح موعود کے جسمانی بیٹے ہیں بلکہ ان کو روحانی فرزند ہونے کا بھی مقام حاصل ہے جو اس لطف خداوندی سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت اقدس کے وصال کے روز آپ کو ماتم پرسی کے الہام سے نوازا اور آپ کے قلب میں اس کی یہ تعبیر ڈالی گئی کہ والد صاحب فوت ہو گئے ہیں لہٰذا آپ اس یقین کے ساتھ تمام روکوں کو دور کر کے اپنے دورہ کے مقام سے قادیان روانہ ہو گئے اور حضرت اقدس کے جنازہ میں شامل ہوئے۔

احمدیت سے وابستگی

پھر آپ کی احمدیت سے وابستگی اس واقعہ سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ چند مخلص احمدی احباب جو آپ سے دوستانہ اور بے تکلفانہ تعلق رکھتے تھے آپ کی خدمت میں وفد کے طور پر حاضر ہوئے تا کہ انہیں حلقہ احمدیت میں لانے کی کوشش کریں۔ آپ نے ان کی باتوں کو سن کر فرمایا۔

’’میں اپنے والد صاحب کے مقام کو آپ سے زیادہ جانتا ہوں۔ ظاہری بیعت سے جو رکا چلا آ رہا ہوں تو اس کی وجہ یہ ہے کہ میں حضور کی فرمودہ تعلیم کی بجا آوری کی تاب تو اس اپنے اندر نہیں رکھتا۔‘‘

اسی طرح چند متعصب لوگ جو غیر از جماعت تھے آپ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ آپ کی زمین کے دو چھوٹے ٹکڑے میاں محمود (حضرت خلیفۃ المسیح الثانی) آپ کی اجازت کے بغیر زیر کاشت لے آئے ہیں۔

اس پر آپ ان لوگوں پر سخت ناراض ہوئے اور فرمایا: ’’فوراً یہاں سے چلے جاؤ۔ میاں محمود میرے بھائی ہیں۔ اگر وہ میرے مکان کی چھت پر بھی ہل چلوا دیں تو بھی میں ان سے اختلاف نہیں کروں گا۔‘‘

یہ بظاہر ایک وقتی بات تھی لیکن اس کے اندر یہ شہادت پائی جاتی ہے کہ آپ بخوبی سمجھتے تھے کہ حضرت محمود جس کار دین کو سرانجام دے رہے ہیں وہ ہی کام ہے جسے ان کے گرانقدر والد حضرت مسیح موعود سرانجام دے رہے تھے۔

حضرت مسیح موعود کے وصال کے بعد جب مخالفین نے حضرت مرزا سلطان احمد صاحب کے خلاف شرانگیز خبریں اڑائیں اور یہ کوشش شروع کی کہ کسی طرح آپ کو حضرت مسیح موعود کی دوسری زوجہ محترمہ حضرت اماں جان سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ کی اولاد کی مخالفت پر آمادہ کیا جائے تو اس پر آپ نے ایک دوست کے نام مندرجہ ذیل خط تحریر فرمایا جو کہ پیسہ اخبار میں شائع ہو گیا تھا۔

مکرم بندہ!

والا نامہ پہنچا۔ مشکور فرمایا۔ ہمیشہ لوگ اپنی ذات پر اور اپنے نفس پر دوسروں کا فیصلہ کیا کرتے ہیں۔ ذاتی کاوشوں کو مذہبی رنگ میں لا کر نتائج نکالنے کے عموماً عادی ہوتے ہیں۔ جن جلد بازوں نے میرے متعلق یہ خبریں اڑائیں انہوں نے یہ سمجھا کہ سچا دین صرف یہی ہے کہ ایک لڑکا اپنے باپ کے مرنے پر شرارت اٹھائے اور قفل بندی کر دے۔ لیکن ان کو یہ معلوم نہ تھا کہ میں اس قسم کے دین سے بیزار ہوں اور میری رائے میں جو دین یہ سکھاتا ہے کہ باپ کی بے عزتی اور بے وقری کی جائے اور باپ کے پسماندگان کے ساتھ فساد کیا جائے وہ کفر اور ارتداد سے بھی بدتر ہے۔ اگر ایسے شرمناک (دین) کی وجہ سے بہشت بھی مل سکے تو میری رائے میں وہ دوزخ سے بھی بدتر ہے۔

لعنتی ہے وہ بیٹا اور کم بخت ہے وہ لڑکا جو باپ کی میت کو خراب کرے اور چھوٹے بھائیوں سے ناحق الجھے۔ .... ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ ماں باپ کے قدموں کے نیچے بہشت اور دوسری طرف یہ امید رکھتے ہیں کہ ایک سمجھدار لڑکا باپ کی تخریب کا موجب ہو اور دین و دنیا میں روسیاہی سہیڑے اور میں اگر یہ حرکت کرتا بھی تو کیا اس تصور پر کہ قادیان میں ان کی بدولت روز وشب قرآن کریم کی تلاوت (نداء) کی آواز گونجتی ہے۔ میں سست اعمال تھا۔ مجھے (دینی) جوش اس قدر مجبور کرتا کہ میں اس قدر مومن ہو جاتا کہ قرآن خواں جماعت کو قادیان سے نکالنے کی فکر کرتا۔ حاشا وکلا............

قادیان کی جماعت خدا کے فضل وکرم سے بمقابلہ میرے ہزاروں درجہ نیک، متقی، عامل شریعت، شب بیدار اور پرستار خدائے لایزل ہے اور میرے اعمال آپ خوب جانتے ہیں کیا ہیں۔ کیا باوجود ان اعمال کے ایسی جماعت کی مخالفت کر سکتا ہوں۔ لوگ انہیں کافر سمجھیں اور قابل دار۔ وہ مجھ سے حد درجہ نیک اور قابل عزت ہیں...........‘‘

(سلطان احمد جالندھر 2 جون 1908ء الحکم 14 جولائی 1908ء)

آپ کے مندرجہ بالا خط سے ظاہر ہوتا ہے کہ باوجود بیعت نہ کرنے اور دور دور رہنے کے آپ نے نہ صرف مخالفت نہ کی بلکہ نہایت غیرت مندی کا ثبوت دیا اور انکساری دکھائی۔

والد ماجد کا غیر معمولی احترام

حضرت صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب نے اپنے والد ماجد حضرت مسیح موعود کی بے حد عزت و احترام کرتے تھے اور آپ کی شان میں ذرا سی گستاخی بھی پسند نہ فرماتے تھے۔ شاید اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو قبول احمدیت کی توفیق عطا فرمائی۔ آپ کی سیرت کا یہ نمایاں وصف آپ کی فطری سعادت مندی اور نیک طینتی پر دلالت کرتا ہے۔ آپ کی اس خوبی کا ذکر کرتے ہوئے روزنامہ الفضل لکھتا ہے:

’’باوجود بے حد خطرناک اور پیچیدہ حالات میں سے گزرنے کے جن میں شیطان کو اپنی شرارت کا بہت کچھ موقعہ مل سکتا ہے۔ انہوں نے حضرت مسیح موعود کی شان میں کبھی کوئی بے ادبی کا کلمہ نہ کہا۔ بلکہ ہمیشہ پوری طرح ادب اور تعظیم کو ملحوظ رکھا۔ حتیٰ کہ بعض ایسے مواقع پر جبکہ کسی فتنہ جو اور شرارت پسند نے ان کی حمایت کے پردہ میں حضرت مسیح موعود کی شان میں گستاخی کا ارتکاب کیا۔ تو انہوں نے بڑی غیرت اور حمیت کا اظہار کرتے ہوئے اس کے فعل کے خلاف سخت نفرت اور ناراضگی کا اظہار کیا۔ یہی وجہ تھی کہ مخالفین سلسلہ عالیہ احمدیہ کو آپ کی طرف کوئی بات منسوب کر کے شرارت کرنے کی جرأت نہ ہوتی۔

(الفضل قادیان مورخہ 7 جولائی 1931ء)

محترم علی محمد صاحب افسر مال راولپنڈی کے ایک غیر احمدی دوست سید فقیر افتخار الدین صاحب آف لاہور کی زبانی تحریر کرتے ہیں کہ مرزا سلطان احمد صاحب کے ساتھ اگرچہ میرے تعلقات بہت پرانے ہیں۔ ضلع ملتان میں جب ہم اکٹھے تھے۔ اس سے بھی پہلے کے ہیں۔ لیکن ان کی صحیح سیرت کا مجھے تب ہی اندازہ ہوا۔ جبکہ میں کابل میں برٹش ایجنٹ تھا اور حضرت مرزا صاحب (حضرت مسیح موعود) نے 1908ء میں رحلت فرمائی اور میں نے مذاق کے طور پر اپنے خط میں ان کو ’’خدا کا پوتا‘‘ لکھ دیا۔ میری اس حرکت سے مرزا سلطان احمد صاحب کو سخت رنج ہوا اور انہوں نے مجھے لکھا۔ کہ افسوس ہے۔ میرے اور تمہارے بہت قدیم سے تعلقات ہیں۔ لیکن آج تک تم مجھے پہچان نہیں سکے اور میرے ساتھ سلسلہ خط وکتابت بند کر دیا۔ جس پر میں نے معافی مانگی۔

(الفضل قادیان مورخہ 18 جولائی 1931ء)

محترم چوہدری محمد علی صاحب ایم اے وکیل التصنیف بیان کرتے ہیں:

ایک مرتبہ لاہور میں پنجاب کے سینئر افسران کی دعوت تھی۔ جس میں علاوہ دیگر افسران کے صاحبزادہ مرزا سلطان احمد صاحب بھی مدعو تھے۔ بشپ آف لاہور بھی وہاں موجود تھے۔ صاحبزادہ صاحب نے چونکہ حضرت اقدس مسیح موعود کی بیعت نہیں کی تھی، بشپ صاحب نے غالباً اس خیال سے کہ یہ بھی حضرت اقدس کے مخالفین میں شامل ہیں آپ کے خلاف زبان درازی کرنی چاہی۔ صاحبزادہ صاحب نے انہیں دو ایک بار ایسا کرنے سے روکا لیکن وہ باز نہ آئے۔ جس پر صاحبزادہ صاحب نے کھانے سے بھری پلیٹ بشپ صاحب کو دے ماری۔ آپ اگرچہ ابھی تک حضرت اقدس کی بیعت سے مشرف نہ ہوئے تھے لیکن آپ کے لئے دل میں ایک غیرت اور احترام کا تعلق رکھتے تھے۔ لہٰذا آپ نے اس بات کی کوئی پروا نہ کی دعوت میں موجود حاضرین وبشپ کے رویے کے خلاف آپ کے اس ردعمل پر کیا کہیں گے۔

لُو سے بچنے کا نسخہ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے تجربات کی روشنی میں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

میں نے لو لگنے سے بچنے کے لئے ایک نسخہ بنایا ہوا ہے۔ گلونائن، نیٹرم میور اور آرسینک ملا کر 30 طاقت میں گھر سے نکلنے سے پہلے ایک خوراک استعمال کرلی جائے تو اللہ کے فضل سے سارا دن سر درد نہیں ہوگا۔ ورنہ اگر سر درد ایک دفعہ شروع ہو جائے تو پھر علاج مشکل ہو جاتا ہے اور بسا اوقات درد آ کر ٹھہر جاتا ہے اور آسانی سے پیچھا نہیں چھوڑتا۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص430)

ان ادویات کی افادیت موسم گرما کے حوالے سے درج کی جاتی ہے۔

گلونائن

سر کو فالتو گرمی پہنچنے سے پیدا ہونے والی بیماریوں میں گلونائن بہت مفید ہے۔ انگیٹھی کے پاس بیٹھنے سے، بجلی یا گیس کی روشنی کے نیچے کام کرنے سے یا دھوپ میں گھومنے پھرنے سے لو لگ جائے سن سٹروک ہو جائے تو گلونائن مفید ہے۔ حضرت صاحب فرماتے ہیں۔

’’گلونائن ٹرائی نائٹروگلیسرین (Trinitroglycerin) ہے جس میں ہائیڈروجن اور آکسیجن کا عنصر بھی موجود ہوتا ہے یہ بہت زور سے پھٹنے والا آتش گیر مادہ ہے‘‘۔

حضرت صاحب گلونائن کے متعلق مزید فرماتے ہیں:۔

’گلونائن انسانی مزاج پر بھی اثر انداز ہوتی ہے دھوپ سے طبیعت خراب ہو جاتی ہے جیسے نائٹروگلیسرین گرمی کو برداشت نہیں کرتی اسی طرح مریض بھی گرمی کو برداشت نہیں کرسکتا اس کے نتیجے میں سر درد سے پھٹنے لگتا ہے جگہ جگہ چوٹیں پڑتی ہیں اور دھماکے ہوتے ہیں جیسے کوئی سر کو ہتھوڑوں سے کوٹ رہا ہو گلونائن لو لگنے سے بچنے کے لئے چوٹی کی دوا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص430,429)

گلونائن میں سر اور دماغی علامات اکثر ملتی ہیں۔

سر پر پٹی بندھی ہونے کا احساس ہوتا ہے ٹوپی اور بند کالر ناقابل برداشت ہوتے ہیں۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص183)

یہ اس وجہ سے کہ سر پر گرمی برداشت نہیں ہوتی اس کے سر درد کی پہچان حضرت صاحب یہ بیان کرتے ہیں:۔

’’گرمیوں کے موسم میں سر درد سورج کے ساتھ ساتھ بڑھتا گھٹتا ہے ہلکے سے جھٹکے سے بھی درد میں اضافہ ہوجاتا ہے‘‘۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص434)

سر کی طرف اجتماع خون تکالیف میں اضافہ کر دیتا ہے گلونائن کی ایک اہم دماغی اور ذہنی علامت حضرت صاحب نے یہ بیان کی ہے کہ:

’’گلونائن کا مریض بعض اوقات دیکھے بھالے راستوں کو بھول جاتا ہے اسے پتہ نہیں چلتا کہ وہ کہاں ہے اور کدھر جانا چاہتا ہے راستے اجنبی ہوجاتے ہیں‘‘۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص433)

گلونائن لو لگنے سے ہونی والی متلی اور قے میں بھی مفید ہے دل کی دھڑکن زیادہ ہو جائے تپش اور جلن کا احساس ہو تو گلونائن کا استعمال مفید ہے۔ گرمیوں میں ہونے والے گردن توڑ بخار اور ورم الدماغ کے متعلق حضور فرماتے ہیں۔

’’بچوں کے گردن توڑ بخار میں جو خصوصاً گرمیوں میں ہو گلونائن مفید ہے اس میں گردن پیچھے کو مڑ جاتی ہے۔ چہرہ پر شدت کی گرمی اور چمک ہوتی ہے۔ آنکھیں کھنچ کر اوپر کو چڑھ جاتی ہیں سر اور اوپر کا دھڑ سخت گرم اور نچلا دھڑ ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ بہت پسینہ آتا ہے مختلف قسم کے جراثیم کی وجہ سے ورم الدماغ (Meningitis) ہو جاتا ہے۔ اگر ملیریا کے جراثیم ریڑھ کی ہڈی میں چلے جائیں تو اس سے بھی ورم الدماغ ہو جاتا ہے اگر اس بیماری کا تعلق موسم گرما سے ہو تو اس میں گلونائن مفید دوا ہے۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص432)

نیٹرم میور

نیٹرم میور بھی موسم گرما میں یاد رکھنے والی ایک اہم دوا ہے اس کی علامات دھوپ میں اور گرمی سے بڑھ جاتی ہیں نیٹرم میور بہت وسیع الاثر دوا ہے حالانکہ یہ روزمرہ کھانے والے نمک کی ہومیوپوٹینسی ہے اس کی وسعت پذیری کے متعلق حضرت صاحب فرماتے ہیں:

’’نیٹرم میور بہت گہری اور دیرپا اثرات کی حامل دوا ہے انسانی بدن کا کوئی بھی ایسا جزو نہیں جس پر یہ اثر انداز نہ ہو‘‘۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص584)

نیٹرم میور کے مریض میں سخت تھکاوٹ اور نقاہت کے آثار پائے جاتے ہیں یہ نقاہت خواہ جسمانی ہو یا اعصابی نیٹرم میور کے مریضوں میں ضرور دکھائی دے گی۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص585)

یہ تھکاوٹ اور نقاہت گرمی کی وجہ سے ہوتی ہے کیونکہ گرمی سے ہی نیٹرم میور کا مریض تکلیف محسوس کرتا ہے۔

مچھر کی وجہ سے ملیریا پھیلتا ہے حضرت صاحب ملیریا میں اس دوا کی افادیت ان الفاظ میں بیان فرماتے ہیں:۔

’’نیٹرم میور ملیریا کی بہت اچھی دوا ہے ہر قسم کا ملیریا اس میں شامل ہے جو روز آئے یا لمبے وقفوں سے آنے والا ہو‘۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص591)

تاہم اسے چڑھتے بخاروں میں نہیں دینا چاہئے۔

نیٹرم میور پیاس میں مفید ہے نیٹرم میور میں پیاس اتنی شدید لگتی ہے گویا بھڑکی لگی ہوتی ہے۔

(ہومیوپیتھی کلاس 94، الفضل 29 ستمبر 1996ء)

نیٹرم میور زکام میں بھی مفید ہے ڈاکٹر کینٹ کے مطابق زکام جو موسم گرما میں ہو اور جس کے ساتھ چھینکیں پائی جائیں ایسے زکام کو توڑنے کے لئے یہ دوا مجرب ہے ویسے بھی یہ دوا زکام کے بار بار لگنے کی عادت کو توڑتی ہے۔ نیٹرم میور کی تکالیف کے اوقات کے متعلق حضرت صاحب فرماتے ہیں کہ:

’’نیٹرم میور میں عام طور پر گرمی لگنے کی وجہ سے اور ملیریا بخار کے دوران ہونے والی تکلیفیں نو بجے سے لے کر رات تک جاری رہتی ہیں‘‘۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص589)

آرسینک البم

آرسینک البم بے چینی، شدید نہ بجھنے والی بار بار پیاس اور بدبودار اخراجات کی مخصوص دوا ہے اس کی بیماریوں میں اضافہ سرد غذا کے استعمال سے یا مرطوب موسم میں ہو جاتا ہے آرسینک کی تکالیف گرمی سے آرام پاتی ہیں تاہم سر کی تکالیف گرمی کی بجائے سردی سے آرام پاتی ہیں۔

آرسینک کی بے چینی کے بارے میں حضرت صاحب تفصیل بیان فرماتے ہیں کہ:

’’آرسینک کی بے چینی ذہنی ہوتی ہے اس میں ایکونائٹ کی طرح موت کا خوف بھی پایا جاتا ہے مگر ویسی شدت نہیں ہوتی بلکہ بے قراری، بے چینی اور وہم ہوتی ہے اور مریض سمجھتا ہے کہ اسے کچھ ہونے والا ہے‘‘۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص121)

آرسینک میں بار بار پیاس کی وجہ آپ یہ بیان فرماتے ہیں:۔

’’آرسینک کے مریض کی پیاس بھی بے چینی کا مظہر ہوتی ہے گھونٹ گھونٹ پانی پیتا ہے لیکن پیاس بجھتی نہیں اصل میں یہ پیاس ہے ہی نہیں محض بے چینی ہے‘‘۔ (ص122)

گرمیوں میں سرد غذاؤں اور مشروبات کا عام استعمال ہوتا ہے اگر ان کے استعمال سے تکالیف بڑھ جائیں تو آرسینک اس میں مفید ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر کینٹ اور ڈاکٹر بورک دونوں نے آئس کریم کھانے یا برف کا پانی پینے سے پیدا ہونے والی معدہ کی تکالیف میں آرسینک کو مفید ٹھہرایا ہے۔ ڈاکٹر بورک نے ایک اور بات بھی بیان کی ہے پھل جن میں پانی کا حصہ زیادہ ہوتا ہے مثلاً تربوز، خربوزہ، سنگترہ اور آلو بخارا ان کے کھانے سے جنم لینے والی تکالیف میں بھی آرسینک مجرب ہے۔

آرسینک لوٹ کر آنے والی بیماریوں میں بھی مفید ہے۔ حضرت صاحب فرماتے ہیں:۔

’’آرسینک کی بیماریوں میں تکرار پائی جاتی ہے۔ خاص معین مدت کے بعد مرض عود کر آتا ہے۔ چار، سات یا چودہ دن کے بعد خاص وقفوں میں مرض دہرایا جاتا ہے لیکن ان کے علاوہ بعض ایسے امراض جو بار بار پلٹ آئیں مثلاً ملیریا وغیرہ ان میں بھی آرسینک بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔ ملیریا کی روک تھام کے لئے بھی آرسینک بہترین دوا ہے لیکن اسے اونچی طاقت مثلاً ایک ہزار یا ایک لاکھ طاقت میں بخار کی علامتیں ہونے سے پہلے ہی روک تھام کی خاطر دینا چاہئے بخار کے دوران نہیں دینی چاہئے ہاں اگر بخار کی علامتیں آرسینک کا مطالبہ کریں تو بخار کے حملوں کے درمیان جب پہلے بخار کا زور ٹوٹ چکا ہو یا ٹوٹ رہا ہو تو اس وقت آرسینک بے دھڑک دی جاسکتی ہے‘‘۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص130,129)

عود کر آنے والی بیماریوں کے ضمن میں حضرت صاحب ایک اور جگہ فرماتے ہیں:۔

’’معین وقفہ سے بیماری کا لوٹ آنا بھی آرسینک کی ایک اہم خصوصیت ہے اگر کوئی درد شقیقہ میں مبتلا ہو تکلیف میں سردی سے آرام آئے سات یا چودہ دن کے معین وقفہ سے درد کا دورہ ہو تو غالب امکان ہے کہ وہ آرسینک کا مریض ہے‘‘۔

(ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل ص124)

ڈاکٹر بورک کے مطابق تو وہ تکالیف جو ہر سال مقررہ وقت پر لوٹ آئیں ان میں بھی آرسینک مفید ہے۔

لو لگنے سے بچنے کے لئے مندرجہ بالا تینوں ادویات کا استعمال بہت مفید رہتا ہے تاہم اس نسخہ کے علاوہ ایک اور دوا بھی یاد رکھنے کے قابل ہے جسے حضور نے گرمی اور لو لگنے کے رہ جانے والے بداثرات میں مؤثر قرار دیا ہے یہ دوا نیٹرم کارب ہے حضرت صاحب اس دوا کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:

’’ایک چیز میں یہ دوا بہت مشہور ہے وہ پاکستان کے ہر ہومیوپیتھ کو غالباً یاد ہوگا کہ ایک بیماری فوراً دماغ میں آتی ہے وہ ہے سن سٹروک Sun Stroke کے باقی رہنے والے دائمی اثرات اور وہ نزلہ جو ناک سے پیچھے گرتا ہے اور سن سٹروک یا ہیٹ سٹروک Heat Stroke کے بعد پیدا ہوتا ہے اور پھر ایک مستقل بیماری بن کر چمٹ جاتا ہے اس میں نیٹرم کارب اچھی ہے اور عموماً جو ہومیوپیتھ کو یاد ہوتا ہے۔ ہیٹ سٹروک کے بداثرات جو باقی رہنے والے ہیں ان میں ایک یہ بھی ہے اور سر درد کے حملے بار بار، گرمی کی برداشت کی کمی وغیرہ وغیرہ۔ ان سب میں نیٹرم کارب اچھا اثر دکھاتی ہے۔

(ہومیوپیتھی کلاس نمبر 90 الفضل 24 جون 1996ء)

جماعت احمدیہ کینیڈا کی دعوت الی اللہ کیلئے مساعی

مسی ساگا میں سیمینار

مورخہ 15/اپریل 2008ء کو مسی ساگا میں What is Sharia Law? کے موضوع پر ایک دعوت الی اللہ کی غرض سے نشست منعقد ہوئی۔ اس پروگرام میں 6 معزز مہمانوں سمیت 109 افراد نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں سوالات کا بہت عمدہ سلسلہ رہا۔ پروگرام میں جماعت احمدیہ کی نمائندگی بیرسٹر مکرم ندیم صدیق صاحب نے کی۔ مہمانوں نے برملا اس بات کا اظہار کیا کہ ہمیں پہلی دفعہ پتہ چلا ہے کہ دینی تعلیمات دراصل کیا ہیں۔

مسی ساگا ویسٹ میں دعوت الی اللہ کیلئے نشست

مورخہ 18/اپریل 2008ء کو مسی ساگا ویسٹ میں ایک اور نشست منعقد کی گئی جس کا عنوان دینی تعلیم کا نفاذ اور نظام عدل تھا۔

اس پروگرام میں ایک عیسائی پادری نے شرکت کی جب کہ 25 کے قریب احباب جماعت شریک ہوئے۔ مکرم انصر رضا صاحب نے جماعت احمدیہ کی نمائندگی کی۔

پروگرام اور سوال و جواب کی دلچسپ محفل کے بعد پادری صاحب نے کہا کہ پروگرام میں شریک ہونے سے پہلے میرا تاثر یہ تھا کہ دین حق میں صرف "نہ ہی نہ" ہے یعنی بہت سخت ہے۔ جب کہ آج مجھے پتہ چلا کہ اس میں تو "ہاں ہی ہاں" ہے یعنی آسانیاں ہی آسانیاں ہیں۔

Alliston میں ایک دعوت الی اللہ نشست

Bradford کے قریب ایک قصبہ Alliston میں ایک انٹرفیتھ کانفرنس کروانے کا پروگرام تھا۔ لیکن مقامی چرچ سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے یہ کہہ کر معذرت کر لی کہ ہمارا سنی اور شیعہ گروپس سے رابطہ ہے اور وہ آپ کو ...... نہیں سمجھتے اس لئے ہم آپ کے ساتھ اس کانفرنس میں شریک نہیں ہو سکتے۔

چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ یہاں ایک دعوت الی اللہ کا پروگرام کیا جائے۔ مورخہ 19/اپریل 2008ء کو یہ نشست منعقد کروائی گئی جس کا موضوع تھا "دین امن کا مذہب"

مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب نائب امیر و مشنری انچارج جماعت احمدیہ کینیڈا نے اس موضوع پر حاضرین سے خطاب کیا اور ان کے سوالات کے جوابات دیئے۔ 14 مہمانوں سمیت 40 افراد نے پروگرام میں شرکت کی۔ حاضرین نے پروگرام کو بہت پسند کیا۔ ان میں سے ایک نے اپنے تاثرات میں لکھا کہ:

"مجھے خوشی ہے کہ میں آج اس پروگرام میں حاضر ہوں۔ (مغربی) میڈیا اور سیاستدان ...... کا انتہائی غلط تصور لوگوں کو پیش کر رہے ہیں۔ جو کہ ہرگز حقیقی تصویر نہیں۔" مقامی اخبار نے بھی اس پروگرام کو تصاویر کے ساتھ شائع کیا۔

Ajax میں انٹرفیتھ سیمپوزیم

Ajax ٹورانٹو سے مشرق کی جانب ایک چھوٹا شہر ہے۔ 23/اپریل 2008ء کو وہاں ایک مقامی چرچ میں One World? Can faith groups today live as one? کے موضوع پر ایک انٹرفیتھ سیمپوزیم منعقد کیا گیا۔

اس پروگرام میں عیسائی، یہودی اور ہندو نمائندوں نے اپنے عقائد کے مطابق اس موضوع پر اظہار خیال کیا۔ جماعت احمدیہ کی طرف سے مکرم مولانا نسیم مہدی صاحب، نائب امیر اول و مشنری انچارج جماعت احمدیہ کینیڈا نے دینی تعلیمات پیش کیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ پروگرام بہت کامیاب رہا۔ اس سیمپوزیم میں 65 مہمانوں نے شرکت کی۔ پروگرام کے آخر میں مہمان حضرات جماعت کی تعلیمات سے بہت متاثر نظر آئے۔ اور کہا کہ:

"میری دعا ہے کہ تمام لوگ احمدیوں کی طرح ہو جائیں۔ آپ کی جماعت دنیا کے ہر کنارے تک پھیل جائے، آپ کی تعلیمات اتنی خوبصورت ہیں کہ اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہا جا سکتا۔"

